بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نظرات

پچھلے مہینہ کا سب سے اندوہناک حادثہ عالمِ عرب کے محبوب عوامی لیڈر صدر جمہوریہ عربیہ متحدہ جمال عبدالناصر مرحوم کی اچانک وفات ہے۔ مرحوم نے عربی دنیا کے مختلف مسائل حل کرنے اور عالمِ اسلام بالخصوص عرب دنیا اور افریقی ممالک کو استعماری طاقتوں سے نجات دلانے کے لئے جو گرانقدر جد و جہد کی وہ جریدہ عالم پر ثبت رہے گی۔ مسئلہ فلسطین کے جسم مُردہ میں جس طرح انھوں نے رُوح پھونکی عرب دنیا اُن کے اس عظیم احسان کو کبھی فراموش نہ کر سکے گی۔ دنیا میں کچھ لوگ تاریخ بنانے کے لئے آتے ہیں اور جمال عبدالناصر اسی گروہ میں سے تھے

اپنے ملک کے عوام کو خوش حالی سے ہمکنار کرنا، ان کی رگِ جان سے پنجۂ استعمار کی گرفت کو ختم کر دینا یقیناً خدمتِ اسلام میں شامل ہے۔ مرحوم نے اپنے عہد میں جس طرح علوم عربیہ و اسلامیہ کی خدمات انجام دیں وہ المجلس الاعلیٰ للشؤون الاسلامیہ کی روز افزوں علمی سرگرمیوں سے واضح ہے۔ ان کے زمانہ میں ریڈیو پر انگریزی کے ذریعہ عربی زبان سکھانے کا عالمگیر سلسلہ جاری ہوا اور اس سلسلہ میں تمام دنیا میں عربی سیکھنے والوں کو نصاب کی کتابیں مفت فراہم کی جاتی ہیں۔

دینی شعور بیدار کرنے کے لئے ریڈیو، اخبارات، ٹیلی ویژن کے طویل پروگراموں کے علاوہ بڑی مقدار میں دینی لٹریچر چھپوا کر مفت تقسیم کیا گیا۔ اس سلسلہ میں "کتاب الشعب" کا مفید سلسلہ تمام عالم اسلامی کے لئے مثالی نمونہ ہے۔ اس پروگرام کے تحت تعمیری دینی مواد